University Hospitals of North Midlands NHS Trust

# مریض کی معلومات

# آیا آپ اپنے درد زہ کے امالہ (Induction of Labour, IOL) کو مؤخر یا مسترد کرنا چاہتی ہیں

## تعارف

یہ معلوماتی پرچہ اس بارے میں آپ کو تفصیلی معلومات فراہم کرے گا کہ آپ اپنے درد زہ کے امالہ (IOL) کو مؤخر یا مسترد کرنا چاہتی ہیں۔ پرچے کو پڑھنے کے بعد اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو، براہ کرم مڈوائفری ٹیم کے ممبر سے بات کریں۔

## درد زہ کے امالہ کو مسترد کرنا

درد زہ کے امالہ کو مسترد کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تجویز کردہ پیمانہ وقت کے بعد حمل جاری رہے گا۔

یوں تو بہت سارے حمل میں اب بھی بحفاظت پیشرفت ہو سکتی ہے، مگر یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ حمل جاری رکھنے سے آپ اور آپ کا بچہ دونوں کے لیے بعض خطرات بڑھ سکتے ہیں۔ اس کا انحصار امالہ کا مشورہ دیے جانے کی وجہ پر ہوتا ہے، مثلاً، طویل وقت تک استقرار حمل، مادرانہ کیفیت، جنین کی افزائش سے متعلق تشویشات۔

## نگہداشت کا آپ کا منصوبہ

پوری طرح سے باخبر رہنا اور آپ کے حمل اور درد زہ کے دوران فیصلہ کرنے میں ایک فعال کردار ادا کرنا آپ کا حق ہے۔ اگر آپ اس وقت امالہ نہیں کیے جانے کا انتخاب کرتی ہیں تو، براہ کرم آپ کے حمل کے دوران آپ کی دیکھ بھال کرنے والی دایہ یا ڈاکٹر کو بتائیں۔

آپ کو ایک ماہر زچگی کے ساتھ اپنے انتخابات پر گفتگو کرنے کا موقع اور/یا ہمارے پیشہ ور مڈ ائفری ایڈووکیٹس Professional Midwifery Advocates, (PMAs) میں سے ایک کے ساتھ بات کرنے کے لیے ریفرل پیش کیا جائے گا تاکہ اس امر پر گفتگو کی جائے کہ آپ کے انتخابات کا کس طرح تعاون کیا جا سکتا ہے، اور نگہداشت کے ایک انفرادی منصوبے پر اتفاق کیا جا سکے۔

آپ کے انفرادی حالات کی بنیاد پر، آپ کی اور آپ کے بچے کی بہبود پر نگاہ رکھنے کے لیے آپ کو اضافی جانچیں پیش کی جائیں گی۔ ان میں شامل ہوں گے:

- حبل سرّی اور آنول نال میں خون کی روانی کی تشخیص کرنے کے لیے اسکینز۔
- آپ کے بچے کے ارد گرد امنیوٹک مائع کی مقدار کی جانچ کرنا۔
- اس وقت آپ کے بچے کی بہبود کا جائزہ فراہم کرنے کے لیے کارڈیو ٹوکوگراف (Cardiotocograph, CTG) کا استعمال کر کے آپ کے بچے کے دل کی دھڑکن پر نگاہ رکھنا۔

یوں تو یہ جانچیں مددگار ہوتی ہیں، مگر وہ اس امر کی پیش گوئی نہیں کر سکتی ہیں کہ آنول نال کتنی اچھی طرح کام کرتا رہے گا، اور پیچیدگیاں اب بھی پیدا ہو سکتی ہیں۔

`

## آپ کو اور آپ کے بچے کو ممکنہ خطرات

آنول نال سے آپ کے بچے کو جانے والا خون اور آکسیجن اگر کم ہو جاتا ہے تو، یہ درج ذیل کا خطرہ بڑھا سکتا ہے:

- **مردہ ولادت** – جب کوئی بچہ رحم کے اندر ہی فوت ہو جاتا ہے۔
- **نوزائیدہ بچے کی وفات** – جب کوئی بچہ زندگی کے پہلے 28 دنوں کے اندر فوت ہو جاتا ہے۔ اس کا خطرہ کم ہوتا ہے۔
- **امنیوٹک مائع کی کمی** (اولیگو ہائڈرامنیوز) – جب آپ کے بچے کے گرد کم مائع ہوتا ہے۔
- **جنینی تکلیف** – جب آپ کا بچہ رحم میں اچھی طرح قابو نہیں پانے کی نشانیاں ظاہر کرتا ہے۔
- **میکونیم اسپریشن** – جب آپ کا بچہ امنیوٹک مائع کے ساتھ ملے ہو ئے میکونیم (بچے کا پہلا پاخانہ) میں سانس لیتا ہے، جو ولادت کے بعد تنفسی مسائل کا سبب بن سکتا ہے۔
- **جنینی افزائش میں رکاوٹ** - جب آپ کے بچے کی افزائش سست ہو جاتی یا رک جاتی ہے۔

ایک باخبر فیصلہ کرنے میں آپ کا تعاون کرنے کے لیے، ذیل کا جدول 15 ملین ولادتوں کی تحقیق کی بنیادپر مردہ ولادت کے مجموعی خطرے کو دکھاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 40 ہفتے پر | 1000 میں 1 (0.1%) | انتہائی شاذ و نادر۔ 999 بچے زندہ پیدا ہوتے ہیں |
| **41 ہفتے پر** | **1000 میں 2 (0.2%)** | **شاذ و نادر تاہم تھوڑا سا زیادہ امکان۔** |
| 42 ہفتے پر | 1000 میں 3 (0.3%)۔ یہ 41 ہفتوں کے خطرے کا لگ بھگ دو گنا ہے۔ | حمل جاری رہنے پر خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ |
| 43 ہفتے پر | 1000 میں (0.7%) 6-7<br>یہ 42 ہفتوں کے خطرے کے دو گنا سے زیادہ ہے۔ | خطرہ اب دو گنا سے زیادہ ہے۔ |

آپ کا اپنا خطرہ متعدد عوامل کے سبب مختلف ہو سکتا ہے جس میں شامل ہیں:

- زیادہ وزن (30 سے اوپر BMI) ہونا۔
- خفتہ طبی مسائل۔
- آپ کی عمر۔
- IVF کے ذریعے استقرار حمل۔
- آپ کا نسلی پس منظر۔
- اگر آپ سگریٹ پیتی ہیں۔
- اگر ایسی طبی تشویشات ہوں جو آپ کے حمل میں سامنے آئیں۔

ان حالات میں، آپ کی دایہ اور ڈاکٹر آپ کے ساتھ ایک انفرادی منصوبے پر گفتگو کریں گے۔

`

آگاہ رہنے لائق آپ کے بچے کو لاحق دیگر خطرات میں شامل ہیں:

- **میکروسومیا** (Macrosomia) (بڑا بچہ)۔ یہ وضع حمل کے دوران پیچیدگیوں، جیسے ولادت سے متعلق صدمے کا امکان بڑھا سکتا ہے۔
- **شولڈر ڈسٹوسیا** (Shoulder dystocia) – جب بچے کا کندھا ولادت کے دوران پھنس جاتا ہے۔
- **ولادت سے متعلق ضرر**، جیسے بریچیئل پلیکسس انجری (بچے کے کندے یا بازو کے پٹھوں کو نقصان)۔
- **دماغی فالج** (ایک کیفیت جو نقل و حرکت اور ہم آہنگی کو متاثر کرتی ہے)۔
- **لو اپجر اسکور** (Low Apgar score) – ولادت کے بعد فوری طور پر بچے کو دیا جانے والا ایک کمتر اسکور جو اس بات کا عندیہ دے سکتا ہےکہ انہیں اضافی نگہداشت کی ضرورت ہے۔
- **دماغ کو نقصان** – اس کا نتیجہ طویل مدتی نشوونما میں تاخیر اور/یا معذوریوں کی صورت میں برآمد ہوتا ہے۔
- **نوزائیدہ بچے کو غشی کے دورے** – نومولود بچے میں بیہوشی یا جھٹکے والی حرکات و سکنات، جو تکلیف یا ضرر کی نشانی ہو سکتی ہے۔

**آپ کو ممکنہ خطرات**

آپ کی صحت کو کچھ ایسے خطرات لاحق ہو سکتے ہیں جو تب پیش آ سکتے ہیں جب آپ کا درد زہ فطری طور پر شروع نہ ہو یا اگر پیچیدگیاں پیدا ہوں۔ ان خطرات کو کم کرنے کے لیے آپ کی نگہداشت صحت ٹیم آپ پر قریبی نگاہ رکھے گی جس میں شامل ہیں:

- **ایمرجنسی سیزیرین سیکشن** – اگر درد زہ اپنے آپ شروع نہیں ہوتا ہے اور پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں؛ تو آپ کو ایک ایمرجنسی سیزیرین سیکشن کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اس قسم کے آپریشن میں منصوبہ بند (اختیاری) سیزیرین کی بہ نسبت عموماً زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔
- **انفیکشن**۔ اگر آپ کی تھیلی پھٹ جاتی ہے اور 24 گھنٹے کے اندر درد زہ شروع نہیں ہوتا ہے؛ تو آپ اور آپ کا بچہ دونوں کے لیے انفیکشن کا خطرہ بڑھا جاتا ہے۔ آپ کے نگہداشت فراہم کنندگان انفیکشن کی کوئی نشانیاں چیک کریں گے اور ضرورت پڑنے پر وہ علاج یا امالہ کی تجویز کر سکتے ہیں۔
- **موجودہ کیفیات کا بگڑنا**۔ اگر درد زہ میں تاخیر ہو جائے تو بعض طبی کیفیات جیسے پری ایکلمپسیا (حمل میں ہائی بلڈ پریشر) یا ذیابیطس بعض اوقات بگڑ سکتے ہیں۔ قریبی نگرانی سے کسی تبدیلی کو جلدی سے شناخت اور اس کا نظم کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- **وضع حمل کے بعد ہیمریج**۔ اس کا مطلب ولادت کے بعد بھاری جریان خون ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو ہماری ٹیمیں اس کا بحفاظت نظم کرنے کے لیے تربیت یافتہ ہیں۔
- **شرمگاہ سے ولادت کے دوران عجان کو نقصان**۔ عجان (شرمگاہ اور مقعد کے درمیان کا حصہ) کو شقاق یا نقصان پہنچنے کا امکان ہوتا ہے۔ اس خطرے کو کم کرنے میں مدد کے لیے تکنیکوں اور نگہداشت کے ساتھ دایائیں اور ڈاکٹرز آپ کا تعاون کریں گے۔

اپنی ولادت کا انتظار کر رہے ہونے کے دوران آپ کی نامزد دایہ، ہسپتال کی دایہ یا ڈاکٹر بہبود کی جانچوں کے مدنظر آپ کی ترجیحات کے سلسلے میں آپ سے گفتگو اور ٹیلیفون کالز بھی کریں گے۔

آپ کی خواہشات کو ضبط تحریر کر کے آپ کے نوٹس میں رکھا جا سکتا ہے جس سے آپ سے رابطہ نہیں ہو پانے کی صورت میں ہمیں کسی ان چاہی ٹیلیفون کالز یا گھر پر ملاقاتوں سے بچنے میں مدد ملتی ہے۔

**اپنی نگہداشت کے بارے میں فیصلے کرتے وقت،**

Benefits (فوائد)، Risks (خطرات)، Alternatives (متبادلات)، Intuition (وجدان) اور Nothing (کچھ نہیں) (BRAIN) کو ملحوظ رکھیں

## اپنی نگہداشت کے بارے میں فیصلے کر رہے ہیں؟



**B — فوائد**
فوائد کیا ہیں اور وہ مجھے اور میرے بچے کو کس طرح متاثر کریں گے؟

**R — خطرات**
وہ کون سے خطرات ہیں جنہیں روکنے کی یہ کوشش کر رہی ہے اور وہ مجھے اور میرے بچے کو کس طرح متاثر کریں گے؟

**A — متبادلات**
کیا کوئی اور ایسی چیز ہے جسے ہم آزما سکتے ہیں؟

**I — وجدان**
مجھے اس بارے میں کیسا محسوس ہوتا ہے؟ میرا "ضمیر" مجھے کیا کہتا ہے؟

**N — کچھ نہیں**
اگر میں کچھ نہیں کرنے اور انتظار کرنے اور دیکھنے کا فیصلہ کرتی ہوں تو کیا ہوگا؟ اس کے بعد کیا ہوتا ہے؟

### مفید وسائل

www.nct.org.uk

www.nct.org.uk/information/labour-birth/what-happens-labour-birth/induced-labour-and-membrane-sweeps-reasons-benefits-and-drawbacks.

www.patient.info/

www.birthrights.org.uk/

www.aims.org.uk/